
© rasailojaraid.com

مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: تاریخ دارالعلوم دیوبند مصنف: مولانا سید محبوب رضوی قیمت: ۔درج نہیں
ضخامت :(ہردو حصے یکجا)۱۰۰۸ صفحات ناشر: المیزان ناشران وتاجران کتب اردو بازار لاہور

حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب نوراللہ مرقدہ نے ۱۳۸۵ھ میں دارالعلوم کی صدسالہ زندگی کے عنوان سے ایک مختصر کتاب تحریر فرمائی جس میں دارالعلوم کی تاسیس اوراس کے تعلیمی تبلیغی اورانتظامی امور کے احوال وکوائف کا مختصراور جامع مرقع پیش فرمایا ہے مگرضرورت اس امر کی تھی کہ دارالعلوم کی تاریخ کے اہم واقعات کو تفصیل کے ساتھ پیش کیا جائے تاکہ ہندوستان اور برصغیر میں مسلمانوں کی علمی تاریخ کے لئے موادمہیا ہوسکے۔ چنانچہ دارالعلوم کی مجلس شوریٰ نے اس اہم کام کے لئے مولانا سید محبوب رضوی کا انتخاب کیا۔انہوں نے یہ عظیم کام ایسی خوش اسلوبی سے انجام دیا جس پر جتنا بھی فخر کیا جائے کم ہے۔دارالعلوم دیوبند کی ایسی جامع اور لازوال تاریخ جس کے کئی ایڈیشن نکل گئے ہیں۔اور مختلف اداروں سے وقتاًفوقتاً یہ کتاب چھپتی چلی آرہی ہے۔ابتداء میں حکیم الاسلام حضرت مہتمم صاحب قاری محمد طیب قدس سرہ کا وقیع اور علوم ومعارف سے مملو مقدمہ ہے جوکہ بذات خود ایک مستقل کتاب ہے شامل ہے'یہ نئی اشاعت المیزان لاہوروالوں نے خوشنما انداز اور دیدہ زیب ٹائٹل سے پیش کی ہے۔

---

نام کتاب: توضیح الراشدہ مصنف: مفتی فدا محمد ضخامت : ۳۶۸صفحات
قیمت: درج نہیں ناشر: دارالعلوم رحمانیہ مینئی ضلع صوابی

عالم اسلام بالعموم اور برصغیر پاک وہند بالخصوص کی نامور علمی' ادبی' تاریخی' روحانی ہمہ جہت اور نابغہ روزگار شخصیت مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی نوراللہ مرقدہ کا نام نامی اوراسم گرامی ہم جیسے طفلان مکتب اور ہیچمدانوں کی تعریف یاتعارف کامحتاج نہیں۔ایک عالم آپ کی عظمت شان کی معترف اوران کی علمی عبقریت کی قائل ہے۔

آپ نے مختلف النوع موضوعات پرقلم اٹھایا ہےاور آپ کے سحرنگار قلم کی تحریر پرایک عالم گرویدہ ہے۔ ہر طبقے کے لئے آپ نے تصانیف لکھیں' خشک وتر موضوعات کوآپ کاقلم معجزرقم یکساں طور پر تروتازہ رکھتاہے۔

بچوں کی عربی استعداد بڑھانے کے لئے القراءۃ الراشدہ کے نام سے انتہائی سہل اور منفرد طرز نگارش میں آپ نے کتاب لکھی ہے جوکہ عرصہ سے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب میں شامل اور متداول چلی آرہی ہے

© rasailojaraid.com